## سوال

(368)ائمہ اربعہ کے باہمی اختلاف کا ایک سبب

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیا وجہ ہے کہ ائمہ اربعہ بعض شرعی امور میں ایک دوسرے سے اختلاف رکھتے ہیں۔ کیا رسول اللہ ﷺ کو معلوم تھا کہ آپ ﷺ کے بعد یہ حضرات بھی دنیا میں آئیں گے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ہمیں یہ نہیں معلوم کہ رسول اللہ ﷺ یہ جانتے تھے یا نہیں کہ آپ ﷺ کے بعد ائمہ اربعہ آئیں گے کیونکہ حضرت محمد ﷺ غیب نہیں جانتے تھے' صرف وہی باتیں جانتے تھے جو اللہ تعالیٰ نے بتائیں۔ باقی رہا ائمہ اربعہ کے باہمی اختلاف کا معاملہ تو اس کے بہت سے اسباب ہیں۔ ان میں سے ایک سبب یہ بھی ہے کہ ان میں سے کوئی بھی لا محدود علم کا حامل نہیں تھا۔ ممکن ہے کہ ایک امام کو وہ چیز معلوم نہ ہو جو دوسرے کو معلوم ہو گئی ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ جب واضح دلیل سامنے نہ ہو تو نصوص سے ایک امام نے ایک بات سمجھی ہو اور دوسرے نے یہ بات اس طرح نہ سمجھی ہو۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ علیہ نے اس مسئلہ پر اپنی کتاب ''رفع الملام'' میں تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ لہٰذا آپ اس کا مطالعہ کریں۔ انشاء اللہ مسئلہ اچھی طرح واضح ہو جائے گا۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

# فتاویٰ دارالسلام

## ج 1

### محدث فتویٰ